

فرہنگِ ماحولیات

پائیدار ترقی، زراعت، معیشت، اقتصادیات، تعمیرات اور
جوہری سائنس کی اُردو اصطلاحات کا مجموعہ

شہری،
مقتدرہ قومی زبان،
عالمی انجمن برائے تحفّظِ ماحول

اصطلاح سازی : فہمیدہ ریاض۔ اسد محمد خان، اس ام سبزواری ،
ڈاکٹر اسلم فرخی
فنی مشاورت : وہاج الدین احمد کرمانی، نوید حسین، ناصر ڈوگر،
سنیعہ حسین، طاہرہ حسین
مجلس ادارت : ڈاکٹر جمیل جالبی، ڈاکٹر شان الحق حقی،
ڈاکٹر محمود الرحمٰن
معتمد : عبید اللہ بیگ

اشاعتی اشتراک : ادارہ برائے ترقیاتی تعاون، ناروے
(NORAD)

سلسلہ مطبوعات آئی یو سی این پاکستان، کراچی
طبع اول : جون ۱۹۹۴ء
تعداد : ایک ہزار
فنی تدوین : کری ایٹیو یونٹ (پرائیویٹ) لمیٹڈ
طابع : روزٹ
ناشر : شعبہ صحافت و ابلاغ
آئی یو سی این پاکستان
۱۔ باتھ آئی لینڈ روڈ، کراچی

پاکستان کی پائیدار ترقی کے لئے قومی حکمت عملی (THE PAKISTAN NATIONAL CONSERVATION STRATEGY) کے ترجمے میں مدد دینے کے لئے اور پاکستان کے حال و مستقبل کے ترقیاتی مسائل پر لکھنے والوں کے لئے فنی، سائنسی، زراعتی، ترقیاتی اور تعمیراتی اصطلاحات کا یہ مجموعہ مندرجہ بالا پتے پر خط لکھ کر منگایا جاسکتا ہے۔



فرہنگِ ماحولیات

پائیدار ترقی، زراعت، معیشت، اقتصادیات، تعمیرات اور
جوہری سائنس کی اُردو اصطلاحات کا مجموعہ

شہری،
مقتدرہ قومی زبان،
عالمی انجمن برائے تحفظِ ماحول

پیش لفظ

یہ کرۂ ارض، جسے ہم پیار سے زمین کہتے ہیں، ہمارا گھر ہے اور ہم سب گورے کالے، امیر غریب اس کے باسی ہیں۔ جیسے ہم اپنے گھر کو صاف ستھرا رکھتے ہیں اسی طرح ہمیں اپنے گھر...... زمین کو بھی آلودگی اور گندگی سے پاک رکھنا چاہئے۔ گزشتہ دو سو سال تک ترقی یافتہ اقوام نے اس پر توجہ نہیں دی اور ایسی صنعتیں قائم کیں جن سے زمین کا ماحول خراب ہوگیا اور اس کی صورت بگڑ گئی۔ اوزون کی تہہ کا سینہ شق ہوگیا، دریا اور سمندر گندے ہوگئے اور نئی نئی بیماریوں نے انسان کو گھیر لیا۔ ایسے میں انسان کو خیال آیا کہ اگر زمین اور اس کی فضا و ماحول کو آلودگی سے پاک رکھنے کی جلد سبیل نہ کی گئی تو پھر انسان کا اس زمین پر رہنا دوبھر ہوجائے گا۔ اب یہ کام ہم سب کو مل کر کرنا ہے۔ آج ساری دنیا اسی مسئلے پر غور کررہی ہے اور عوام میں شعور پیدا کرنے کے لئے طرح طرح سے نہ صرف مہم چلائی جارہی ہے بلکہ بڑے پیمانے پر تحقیقات بھی ہورہی ہیں۔ دنیا کے بیشتر ممالک تن من دھن سے اس کام میں لگے ہوئے ہیں۔ نئے نئے قوانین وضع کئے جارہے ہیں۔ نتیجہ اس کا یہ ہے کہ اب "ماحولیات" ایک نیا موضوع فکر بن کر اہل زمین کی توجہ کا مرکز بن گیا ہے۔ اس عمل سے نئے نئے سائنسی و فکری موضوعات پیدا ہورہے ہیں اور ایسی اصطلاحات وجود میں آرہی ہیں جو ان تصورات کی ترجمانی کرتی ہیں۔ "ماحولیات" کے موضوع کو پوری طرح سمجھنے کے لئے اب ان اصطلاحات کو سمجھنا بھی ضروری ہوگیا ہے۔ یہ اصطلاحات چونکہ عام طور پر انگریزی زبان میں ہیں اس لئے ہمارے ملک کی غالب اکثریت ان کو سمجھنے سے قاصر ہے۔ ضروری تھا کہ یہ کام پاکستان کی قومی زبان اردو میں بھی کیا جائے تاکہ بقائے ماحول کی عالمی انجمن، (آئی یو سی این) کا کام عوام تک پہنچ سکے۔ اس مقصد کے پیش نظر ان انگریزی اصطلاحات کو جمع کیا گیا اور ان کی اردو اصطلاحات وضع کرکے ماہرین زبان کی ایک مجلس کے سامنے رکھ دیا گیا۔ اس مجلس میں راقم الحروف کے علاوہ جناب شان الحق حقی، جناب وہاج الدین کرمانی اور ڈاکٹر محمود الرحمٰن وغیرہ شامل تھے۔ اس مجلس نے کئی دن تک ان اصطلاحات کو ایک ایک کرکے دیکھا اور ان کی صورت گری کی۔ جب یہ کام مکمل ہوگیا تو پھر ان اصطلاحات کو مقتدرہ قومی زبان کے ترجمان ماہنامہ "اخبار اردو" (مارچ ۱۹۹۳ء) میں شائع کیا گیا تاکہ ملک کے دوسرے ماہرین زبان و لسانیات اپنے مشوروں سے ہمیں آگاہ کرسکیں۔ اشاعت کے بعد "مقتدرہ قومی زبان" کو متعدد مفید مطلب خطوط موصول ہوئے جن کو سامنے رکھ کر ان اصطلاحات کو مزید بہتر بنایا گیا۔ اب یہی اصطلاحات ماحولیات "بقائے ماحول کی عالمی انجمن" اور "مقتدرہ قومی زبان" کے اشتراک سے شائع کی جارہی ہیں تاکہ ماحولیات کے موضوع پر کام کرنے والے ان سے استفادہ کرسکیں اور ان اصطلاحات کو یکسانیت کے ساتھ اپنی تحریروں میں استعمال کرسکیں۔ اصطلاح کے بارے میں یہ بات یاد رکھنی چاہئے کہ اصطلاح ایک پورے سائنسی و فکری تصور کی ترجمان ہوتی ہے۔ یہ ایک ایسا کوزہ ہے جس میں دریا بند ہوتا ہے۔ اصطلاح صرف ان لوگوں سے مکالمہ کرتی ہے جو اس علم سے واقف ہوتے ہیں اور ان لوگوں کو مشکل اور اجنبی معلوم ہوتی ہے جو اس علم سے واقف نہیں ہوتے۔ زیر نظر اصطلاحات کو بھی اسی زاویۂ نظر سے دیکھنا چاہئے۔

بقائے ماحول کی عالمی انجمن اور اس کے فاضل جناب عبیداللہ بیگ ہم سب کے شکریئے کے مستحق ہیں جنہوں نے مقتدرہ قومی زبان کے تعاون سے ان اصطلاحات کو سلیقے سے شائع کرنے کا اہتمام کیا۔ مجھے امید ہے کہ وہ اس سلسلے کو جاری رکھیں گے تاکہ سال بہ سال ان اصطلاحات میں اضافہ ہوتا رہے اور یہ ان لوگوں کے لئے حوالے کی کتاب بنی رہے جو ماحولیات کے موضوع پر پاکستان کی قومی زبان میں لکھنا چاہتے ہیں۔ یہی اصطلاحات پاکستان کی دوسری زبانوں میں بھی جوں کی توں استعمال ہو سکتی ہیں اور اس کی وجہ یہ ہے کہ ان زبانوں کا لسانی مزاج ہمارے اجتماعی تہذیبی و فکری مزاج سے پوری طرح ہم آہنگ ہے۔ اصطلاحات کے استعمال کی یکسانیت سے پاکستان کی ساری زبانیں ایک دوسرے سے مزید قریب آئیں گی اور فکری و لسانی یک جہتی کا عمل اور مستحکم ہوگا۔ اس لحاظ سے بھی یہ تالیف اہمیت رکھتی ہے۔

"فرہنگ اصطلاحات ماحولیات" کی اشاعت پر میں بقائے ماحول کی عالمی انجمن کو مبارک باد دیتا ہوں۔ مجھے یقین ہے کہ اصطلاحات کا یہ مجموعہ علمی حلقوں میں قدر کی نظر سے دیکھا جائے گا۔

ڈاکٹر جمیل جالبی
ستارۂ امتیاز، ہلال امتیاز
صدر نشین مقتدرہ قومی زبان

تعارف

ماحولیاتی اصطلاحات کے اس مختصر لیکن بہت اہم مجموعے کی ترتیب کا کام آج سے لگ بھگ دو سال پہلے اس وقت شروع کیا گیا تھا جب پاکستان کی پائیدار ترقی کے لئے قومی حکمت عملی (NCS) مرتب اور منظور ہوکر شائع کی گئی۔ اس اہم قومی دستاویز کے بارے میں اسی وقت کہا جانے لگا تھا کہ اس کا قومی زبان میں شائع ہونا بہت ضروری ہے، تاکہ پاکستان کے عوام، جن کے لئے یہ قومی حکمت عملی تیار کی گئی ہے، وہ اس کو اچھی طرح سمجھ سکیں۔

قومی حکمت عملی کی اس دستاویز کو قومی زبان میں منتقل کرانا کچھ زیادہ دشوار کام نہ تھا، لیکن دشواری ان غیرمانوس سائنسی، ٹیکنیکی، فنی اور مختلف علوم سے تعلق رکھنے والی اصطلاحات کا ترجمہ کرنے میں پیش آئی جو اس دستاویز میں استعمال کی گئی ہیں۔

اس مرحلے پر بقائے ماحول کی عالمی انجمن (IUCN) پاکستان کی رکن تنظیم "شہری" (CBE) نے ان فنی اصطلاحات کو اردو میں منتقل کرنے کی تجویز پیش کی، جو منظور ہوئی اور "شہری" کے صدر نشین جناب نوید حسین نے قومی زبان کے بعض ممتاز ادیبوں، شاعروں اور محققوں پر مشتمل ایک مجلس مشاورت مرتب کرکے یہ کام ان کے سپرد کیا۔ اس مجلس مشاورت میں جناب اسد محمد خان، محترمہ فہمیدہ ریاض، ڈاکٹر اسلم فرخی اور جناب ایم ایس سبزواری جیسی نامور شخصیتیں شامل تھیں۔ اس مجلس مشاورت نے قومی حکمت عملی کی دستاویز میں استعمال ہونے والی ترجمہ طلب فنی اور علمی اصطلاحات کی فہرستیں تیار کیں، پھر ان کو اردو میں تبدیل کرنے کا اہم اور بنیادی کام انجام دیا۔ بعد میں یہ مسودہ نظرثانی کے لئے بقائے ماحول کی عالمی انجمن کے شعبہ صحافت و ابلاغ کے سپرد کیا گیا، جس نے ان مجوزہ اصطلاحات پر نظرثانی کے لئے ملک کے ممتاز اور مستند ماہرین لسانیات جناب ڈاکٹر جمیل جالبی، ڈاکٹر شان الحق حقی اور ڈاکٹر محمود الرحمٰن پر مشتمل ایک بورڈ بنایا اور ان کی معاونت کے لئے جناب وہاج الدین احمد کرمانی (ماہر جنگلات، جنگلی حیات و امور زراعت، جناب نوید حسین (ماہر امور تعمیرات)، طاہرہ حسین (صحافی) اور جناب ناصر ڈوگر (نمائندہ بقائے ماحول کی عالمی انجمن) کو مقرر کیا گیا۔ ان اصطلاحات کی جانچ پرکھ کا طریقہ یہ رکھا گیا کہ ناصر ڈوگر متعلقہ انگریزی اصطلاح اور قومی حکمت عملی کی دستاویز میں استعمال کی نشاندہی کرتے تھے، اگر وہ اصطلاح شہری اور صنعتی امور کے بارے میں ہوتی تو اس کی وضاحت متعلقہ ماہر اور اگر جنگلات، جنگلی حیات یا زراعتی امور کے بارے میں ہوتی تو کرمانی صاحب اس کی وضاحت کرتے۔ اس وضاحت میں تصویریں، خاکے، نقشے اور دیگر تحریری مواد بھی استعمال کیا جاتا۔ اس وضاحت کی روشنی میں جالبی صاحب، حقی صاحب اور محمود الرحمٰن صاحب مجوزہ اردو اصطلاح پر غور کرتے اور ضروری ہونے پر اس میں اصلاح، ترمیم، اضافہ یا تبدیلی تجویز کرتے۔ اس طرح مجوزہ اردو اصطلاحات کا یہ مجموعہ تیسرے مرحلے میں مقتدرہ قومی زبان کے "اخبار اردو" میں شائع کیا گیا اور ملک بھر کے ارباب علم و دانش سے درخواست کی گئی کہ وہ ان اصطلاحات کے بارے میں ممکنہ خامیوں کی نشاندہی فرمائیں۔ اس اشاعت کے نتیجے میں جو آراء موصول ہوئیں، ان کی روشنی میں، مقتدرہ قومی زبان کے نامور ماہر اصطلاحات ڈاکٹر عطش درانی اور ان کے رفقانے ایک بار پھر اس مجموعے کا جائزہ لیا۔ اس

طرح یہ طویل، صبر آزما اور علمی کام پایۂ تکمیل تک پہنچا۔ جیسا کہ آپ ملاحظہ فرمائیں گے اس مجموعے میں صرف ان اصطلاحات کے ترجمے یا متبادل اصطلاحات ہی نہیں ہیں جو پائیدار ترقی کی قومی حکمت عملی میں استعمال ہوئی ہیں بلکہ اس مجموعے کی افادیت میں مزید اضافے کے لئے علم تعمیرات سے متعلق عام اصطلاحات اور ٹیکنیکی الفاظ کا حصہ علیحدہ سے شامل کیا گیا ہے، جبکہ جوہری توانائی سے متعلق بعض معروف اصطلاحات کی وضاحت اور زراعتی شعبے میں عام طور سے استعمال ہونے والی علمی اور فنی اصطلاحات کی وضاحت بھی علیحدہ علیحدہ شامل کی گئی ہے۔

اب جب کہ علمی اور فنی اردو اصطلاحات کا یہ مجموعہ شائع ہوگیا ہے تو ہم امید کرتے ہیں کہ پاکستان کی پائیدار ترقی کے لئے قومی حکمت عملی کا ترجمہ بھی ہوسکے گا اور قومی زندگی کے صنعتی، اقتصادی اور معاشی شعبوں سے متعلق قومی زبان میں لکھنے والوں کے لئے ایک اہم اور مفید سہولت بھی فراہم ہوگی۔ اردو اصطلاحات سازی کا کام لگ بھگ ایک صدی سے جاری ہے اور اب تک ہزاروں اصطلاحات وضع کی جاچکی ہیں۔ اصطلاح وضع ہونے کے بعد اس کے عام ہونے کے لئے وضع کی ہوئی اصطلاح کا تحریر و تقریر میں استعمال بہت ضروری ہے۔ امید کی جاتی ہے کہ قومی زبان میں ان اصطلاحات کے تعارف کے بعد متعلقہ شعبوں اور موضوعات پر لکھنے اور بولنے میں انگریزی اصطلاحات کا استعمال ضروری نہیں رہے گا۔

اس مرحلے پر بقائے ماحول کی عالمی انجمن (IUCN) پاکستان اپنی شریک کار تنظیم "شہری" (CBE) کا شکریہ ادا کرنا چاہتی ہے جس نے اس مجموعے کی ترتیب کے اہم ابتدائی مراحل سرانجام دیئے۔

ہم مقتدرہ قومی زبان کے بھی شکر گزار ہیں کہ اس اہم قومی ادارے نے نہ صرف اصطلاحات سازی کے کام میں ہماری معاونت کی بلکہ اس مجموعے کے ناشرین میں بھی شامل ہونا پسند کیا۔

آخر میں ہم ڈاکٹر جمیل جالبی، ڈاکٹر شان الحق حقی، ڈاکٹر محمود الرحمٰن اور جناب وہاج الدین احمد کرمانی کا دلی شکریہ ادا کرتے ہیں جنہوں نے اپنا قیمتی وقت ہمارے اس کام کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے کے لئے طویل نشستوں میں صرف کیا۔ ہمیں اس حقیقت کا اعتراف ہے کہ ان بزرگوں کے تعاون کے بغیر یہ اہم کام نہ مکمل ہوتا نہ ہی مستند۔

عبیداللہ بیگ

فہرست

پائیدار ترقی کی قومی حکمت عملی میں استعمال ہونے والی اصطلاحات	9
زرعی، معاشی، اقتصادی اصطلاحات	25
تعمیراتی اصطلاحات	33
جوہری سائنس کی اصطلاحات	43

پائیدار ترقی کی قومی حکمتِ عملی میں استعمال ہونے والی اصطلاحات

A

Activist	سرگرم کارکن، جاہد
Agrarian system	زرعی نظام
Agricultural:	زرعی
productivity	زرعی بار آوری
run-off	زرعی سیلان، بہتی، بہاؤ
Agriculture:	زراعت
saline	کلراٹھی زراعت۔ شورزراعت
subsistence	زرعی گذراں۔ گذارازراعت
Agro-based industry	زرعی صنعت
Agro-ecological:	زرعی ماحولیاتی
approach	زرعی ماحولیاتی انداز
system	زرعی ماحولیاتی نظام
zone	زرعی ماحولیاتی منطقہ
Agro-forestry	زرعی جنگل بانی / شجرکاری
Agro-pastoral cycle	زرعی گلہ بانی گردش / دور / حلقہ / کھیتی چراگاہی گردش
Anaerobic treatment	ناہواباش تدبیر
Aquaculture	آبی کاشت
Aquatic animals	آبی جانور
Arid area	بنجر علاقہ

B

Bioenergy	حیوی توانائی
Biosaline	حیوی شور / کھار
Biotechnology	حیوی ٹیکنالوجی
Biodegradation	حیوی انحطاط
Biodiversity	حیوی تنوع، حیوی گوناگونی
Biogas	حیوی گیس، گوبر گیس
Biological approach	حیاتیاتی انداز
Biomass	حیوی کمیت
Bubble concept	خیال خام۔ تشکیل مفروضہ

حیوی تنوع، حیوی گوناگونی



مواصلات

C

Canal command area	نہری رقبہ / علاقہ
Captive breeding	محصور پروری / باڑہ پروری
Catalytic converter	حملائی بدل گر
Centralisation	مرکز گیری، مرکوزیت، مرکزیت
Closed cover forest	سر بند جنگل
Cogeneration	ہم نسلی۔ ہم زائی
Combustion efficiency	احتراقی صلاحیت
Communal forest	شاملات جنگل
Communications	مواصلات
Community based :	گروہی۔ جماعتی
participatory approach	گروہی۔ ساجھا داری۔ شراکتی انداز
range management	گروہی قدرتی چراگاہ کا انتظام۔ شاملات کا انتظام
Compostable material	کھادنی مواد۔ کھاد پذیر اشیاء
Composting	کھاد سازی
Conservation	تحفظ
Conservation pricing	لاگت تحفظ
Consumption patterns	انداز صرف
Conventional sewage treatment plant	تنصیب روایتی تدبیر گنداب
Cookstove	چولہا
Corporate sector	تجارتی شعبہ۔ شراکتی شعبہ
Cost-benefit analysis	تجزیہ نفع و لاگت
Courtyard forestry	گھریلو شجرکاری
Crop maximisation	فصل افزائی۔ افزونی
Crop residues	باقیات فصل۔ فصلی باقیات
Cropped area	کاشتہ رقبہ
Cross-sectoral linkage	شعبہ جاتی رابطہ

Cultivable land	قابل کاشت زمین
Cultivable waste	قابل کاشت افتادہ
Cultural capital resources	ثقافتی وسائل سرمایہ
Cultural heritage	ثقافتی ورثہ
Cyclones	طوفان بادو باراں

D

Dam	بند
Data banks	ذخیرہ اعداد و شمار
Debt servicing	قرضہ جاتی بھگتان۔ قرضہ گذاری
Decentralisation	مرکز گریزی۔ رو مرکزیت۔ غیر مرکوزیت
Deltaic plants	ڈیلٹائی نباتات
Demand-based irrigation	حسب طلب آبپاشی
Demonstration project	مظاہراتی منصوبہ
Discharge fees	اخراجی فیس
Discharge standards	اخراجی پیمانہ
District:	ضلع
development plan	ضلعی ترقیاتی منصوبہ
environmental action plan	ضلعی منصوبہ ماحولیاتی عمل
land use guidelines	ضلعی رہنمائے استعمال اراضی
Diversification	تنوع کاری
Domestic effluent	گھریلو گنداب
Domestic waste water	گھریلو گندا پانی / فاضل پانی
Drainage	آب نکاسی
Drip irrigation	قطرہ پاشی
Dryland	خشکابہ



ڈیلٹائی نباتات

E

Ecological zone	ماحولیاتی منطقہ
Ecologically fragile area	ماحولیاتی طور پر کمزور رقبہ



شمسی توانائی

بردگی۔ کٹاؤ

Ecologically sound zones	ماحولیاتی طور پر توانا رقبے
Economic instrument	معاشی آلہ کار / وسیلہ
Effluent control	گندابی کنٹرول
Electrostatic precipitator	برقی آلہ ترسیب
Emission	اخراج
Emission standard	اخراجی پیمانہ
Emission control	اخراجی کنٹرول
End-of-pipe abatement	تاخیری تخفیف۔ آخری چارہ کار
Energy:	توانائی
conservation	تحفظ / بچت۔ کفایت توانائی
renewable	قابل تجدید توانائی
solar	شمسی توانائی
Energy-conserving construction methods	تعمیر میں تحفظ توانائی کے طریقے توانائی تعمیری طریقے
Environment Protection Council	کونسل برائے تحفظ ماحول۔ تحفظ ماحول کی کونسل
Environmental:	ماحولیاتی
impact analysis	ماحولیاتی تجربہ اثراندازی
impact assessment	ماحولیاتی تخمینہ اثراندازی
Environmentally benign :	ماحولیاتی طور پر بے ضرر۔ ماحول دوست
industrial process	ماحول دوست صنعتی طریقہ
Erosion	بردگی۔ کٹاؤ
Eutrophication	زائد تغذیہ
Extension:	توسیع
agent	توسیعی گماشتہ
worker	توسیعی کارکن

F

Fallow	پڑتی۔ ورھیال
Farm forestry	فارم شجرکاری

Farmyard manure	گوبر کھاد
Fauna	حیوانیہ
Fermentation	تخمیر
Fertility rate	شرح بار آوری
Fertilizer	کیمیاوی کھاد
Firewood	سوختنی لکڑی۔ بالن
Fish:	ماہی۔ مچھلی
farming	ماہی پروری
pond	مچھلی تالاب
yield	پیداوار مچھلی
Flora	نباتیہ
Fluidised bed technology	تر تختہ ٹیکنالوجی
Fodder	چارا
Food-web dynamics	حرکیات غذا
Fossil fuel	رکازی۔ کنجوری ایندھن
Fragile:	کمزور۔ زود شکست
area	کمزور رقبہ
ecosystems	کمزور ماحولی نظام
Fuel-efficient vehicle	کم ایندھن گاڑی
Fuelwood	سوختنی لکڑی۔ بالن۔ ایندھن لکڑی



ماہی۔ مچھلی

G

Game reserve	محفوظ شکار گاہ
Garbage disposal	کوڑا تلفی
Gene banks	جینی ذخیرہ۔ جین بینک
Genetic resources	جینیاتی وسائل
Germplasm	تخم مادہ۔ جرثومات
Glacier	گلیشیر۔ برفزار
Global environment treaty	عالمی آب و ہوا کا معاہدہ
Global Environment Facility	عالمی ماحولیاتی سہولت

گلیشیر۔ برفزار

Grassroots	اساس۔ جڑ بنیاد
Grassroots organisation	بنیادی۔ اساسی تنظیم
Green manure	سبز کھاد۔ سبزی کھاد۔ نباتی کھاد
Green revolution	سبز انقلاب۔ زرعی انقلاب
Greenhouse gas emission	پودگھر تبخیر۔ سبز خانوی تبخیر
Gross national product	مجموعی ملکی پیداوار
Gully erosion	گھاٹی کٹاؤ
Gypsum application	جپسم کا استعمال

H

Halophytic	شورابی نبات۔ شورزاری نبات
Hamlet	بستی۔ ڈھوک
Hazardous waste	زہریلا فضلہ۔ زہری فضلہ۔ سمی فضلہ
Heavy industry	فولادی صنعت
Herbicide	نبات کش
Heritage conservation	تحفظ ورثہ
Human:	افرادی
resource development	افزائش افرادی وسائل
resources	افرادی وسائل
settlements	آبادیاں
Hydel power	آبی توانائی

I

Incentives	ترغیبات
Incineration	ترمید۔ بھسم کرنا۔ فضلہ سوزی
Incinerator	فضلہ سوز بھٹی
Income generation	آمدنی زائی۔ نقد آوری۔ تدبیر آمدنی۔ آمدنی زادگی
Incremental approach	ایزادی انداز
Industry:	صنعت
agro-based	زرعی صنعت
recycling	گردشی صنعت۔ دوری صنعت


صنعت

Informal sector	غیر رسمی شعبہ
Integrated pest management	مربوط انسداد مضرات / حشرات
Intensification	کثرت۔ تشدید۔ عملی شدت
Intensive cropping	کثیری کاشت
Irrigation:	آب پاشی
demand-based	حسب طلب آبپاشی
drip	قطرہ پاشی
saline	شوراب پاشی
sprinkler	جھرنا۔ فوارہ پاشی
surface	سطحی آبپاشی
torrent	رودکوہی پاشی۔ دھار پاشی
water use efficiency	باکفایت آبپاشی۔ کفایتی آبپاشی

جھرنا۔ فوارہ پاشی

K

Kaller grass	شورکش / کلرمار گھاس

L

Labour force	نفری
Land:	اراضی
capability classes	اراضی درجہ بندی۔ زمینی صلاحیت کی اقسام
erosion	زمین کی بردگی۔ کٹاؤ
tenure	حقداری اراضی۔ حقیقت اراضی
Landfill	زمین کی بھرائی
Lane organisations	کوچہ تنظیم۔ محلّہ کمیٹی
Lead-free petrol	بے سیسہ پیٹرول
Leguminous fodder crop	پھلی دار چارا
Line agencies	محکمہ جاتی سلسلہ
Line departments	محکمہ جاتی سلسلہ
Liquid petroleum gas	سیال پیٹرول گیس
Literacy ratio	شرح خواندگی

Livestock:	مواشی۔ مویشی۔ مویشی بانی
quality	اعلیٰ نسل مویشی / مواشی
resources	وسائل مواشی
sector	شعبہ مویشیاں
Load-shedding	لوڈشیڈنگ۔ بار اندازی۔ بانٹ کاری
Low-waste technology	باکفایت / کفایتی ٹیکنالوجی

M

Mangrove	شورابی جنگل۔ چمرنگ۔ منگر تمر
Marginal:	حاشیائی / جدولی
farmland	حاشیائی اراضی
land	حاشیائی اراضی
plantations	حاشیائی شجرکاری
Marine:	سمندری، بحری
ecology	سمندری ماحول
resources	سمندری وسائل
Mesquite	مسکٹ
Methane	میتھین گیس۔ دلدلی گیس
Mineral resources	معدنی وسائل
Mini-dams	چھوٹے بند
Mini-hydel	چھوٹی برقابی
Monitoring	نگرانی
Monoculture cropping	یک فصلی کاشت
Mountain agriculture	پہاڑی زراعت
Municipal:	بلدیاتی
development	بلدیاتی ترقی
authorities	بلدیاتی حکام
garbage	بلدیاتی کوڑا کرکٹ
waste	بلدیاتی ردی / ردیات

N

National park	نیشنل پارک
Natural capital	قدرتی سرمایہ
Natural gas	قدرتی گیس
Natural predators	درندے۔ ضرر رساں جانور
Natural resource accounts	تفصیل قدرتی وسائل
National resource balance sheet	گوشوارۂ وسائل۔ جدول وسائل قومی وسائل کا گوشوارہ
Natural resources conservation management approaches	تحفظ قدرتی وسائل کے انتظامی انداز
No objection certificates	سند عام اعتراض
Non-arable soils	ناقابل کاشت زمین
Non-formal education	غیر رسمی تعلیم
Non-government organisation	غیر سرکاری ادارہ
Non-renewables	ناقابل تجدید
Non-toxic product	غیر سمی پیداوار

درندے۔ ضرر رساں جانور

O

Ocean thermal power	سمندری حراری برق
Oily discharges	روغنی اخراج
On-farm water management	انتظام بر موقع آبیاری
Open farm drainage systems	کھلی اراضی سے آب نکاسی
Open-core gasifier	کھلا آلہ گیس سازی
Operating principles	عملی اصول / چلانے کے اصول
Organic manures	نامیاتی کھاد
Organic matter	نامیاتی مادہ
Outreach	حد رسائی
Over-harvesting	زائد کٹائی

Overstocking	بیش داری
Oxidation ditches	تکسیدی / آکسائیڈی گڑھے
Ozone	اوزون

P



نباتی چھتری

Palatability	ذائقہ داری
Parastatal corporations	متوازی ادارے
Participatory approach	شراکتی انداز
Participatory community organisation	جماعتی اشتراک / مقامی شراکتی تنظیم
Pen-fish culture	محدود ماہی پروری
Penalty	تاوان
Pest control	مضرات کی روک تھام۔
Pest management	انتظام حشرات / انسداد حشرات
Pesticide	حشرات کش / کیڑے مار
Pesticide run-off	ادویہ کا بہاؤ
Photovoltaic smog	فوٹو کیمیائی دھند
Photovoltaic cell	فوٹو وولٹائی سیل
Phaeophyte	بھوری کائی
Phytoplankton	سمندری پودے۔ نباتات تیراکہ
Plant cover	نباتی چھتری
Plantation	شجرزار
Polluter pays principle	آلودگی کا ڈنڈ۔ اصول تاوان
Pollution:	آلودگی
abatement	ازالہ آلودگی۔ تخفیف آلودگی
transboundary	متجاوز آلودگی
Precipitator	رسوب کار۔ آلہ ترسیب
Productivity	ثمرآوری۔ بار آوری
Property rights	حقیقت۔ حقوق ملکیت
Protected area	محفوظ علاقہ

Protected forest	محفوظ جنگل
Public health engineering	صحت عامہ کی انجینئری

Q

Quality of life	معیار زندگی

R

Rangeland	چراگاہ
Recycling	دوری بازیابی۔ بازدوری
Remote sensing	دور حسی
Reserved forest	رکھ۔ محفوظ جنگل
Resource use efficiency	بھرپور استفادہ وسائل
Retrofit	رجعی تنصیب
Riverine forest	دریائی جنگل

دریائی جنگل

S

Saline agriculture	شورابی زراعت
Salinity	شوریدگی
Salt-tolerant crop	کلری فصل۔ تھوری فصل
Sanctuary	پناہ گاہ۔ مامن
Satellite imagery	خلائی عکاسی
Scavenging	گند خوری۔ مردار خوری
Scrubber	رگڑاند۔ سود کار۔ گھساکار۔ گھس کار
Sea level rise	سطح سمندر سے اونچائی۔ ارتفاع
Sectoral plan	علاقہ جاتی منصوبہ
Sectoral policy	علاقہ جاتی پالیسی
Sedimentation	تہ نشینی
Services sector	شعبہ خدمات
Sewage farm	گندا بیاری فارم۔ نکاسی فارم

بندش آراضی۔ زمین بستگی



کھرلی۔ ناند تغذیہ

Sewage treatment plant	تنصیب تدبیر گنداب
Silt trap	بھل روک
Small check dams	چھوٹے روک بند
Small-scale technology	گھریلو ٹیکنالوجی۔ خرد ٹیکنیک
Social forestry	سماجی جنگل بانی۔ شجرکاری
Sodic soil	کلر آراضی ۔ تھور آراضی
Sodicity	تھور ۔ کلرپن
Soil:	زمین۔ آراضی
erosion	زمینی کٹاؤ۔ بردگی
quality	صلاحیت زمین
rehabilitation	آبادکاری۔ بحالی آراضی
retention	بندش آراضی۔ زمین بستگی
Species	نوع۔ انواع
Solid waste	فضلہ
Stall feeding	کھرلی۔ ناند تغذیہ
Subsidy	اعانت
Sullied water	گدلا پانی
Surface water	برزمینی پانی

T

Technology transfer	انتقال ٹیکنیک
Thermal power generation	حری برق زائی
Third World	تیسری دنیا
Topsoil	بالائی اراضی۔ بالائی پرت۔ مٹی
Torrent irrigation	کوہی آب پاشی
Total dissolved solids	کل تحلیل شدہ ٹھوس۔ جمادات
Total fertility rate	کل شرح زرخیزی
Transnational corporation	کثیر ملکی کارپوریشن
Tropical rain forest	استوائی بارانی جنگلات
Tube-well	ٹیوب ویل

U

Upland	بالائی خطہ
Urban environmental degradation	شہری ماحولی انحطاط
Urban sprawl	شہری پھیلاؤ

V

Vegetation	روئیدگی نباتات
Vehicular emissions	گاڑیوں کا دھواں
Village woodlot	گذارہ جھنگی

W

Waste disposal	فضلہ تلفی۔ فاضلات۔ فضلہ کی نابود کاری
Waste trading	تجارت فضلات۔ فاضلات کی تجارت
Waste treatment	تدبیر فضلات۔ فاضل بر آری
Waste water	فاضل پانی۔ فاضلات
Waste water irrigation	فاضل آبپاشی۔ استعمال شدہ پانی سے آبپاشی
Wasteland	افتادہ زمین
Watercourse	نالا
Waterlogged area	سیم زدہ علاقہ
Water use efficiency	پانی کا باکفایت استعمال
Watershed:	آبگیر علاقہ
management	آبگیر علاقے کا انتظام
Wave power	لہری زور۔ طاقت۔ برق
Weribee farms	ویری بی فارم
Wet excreta	بول و براز
Wetland	آب گاہ۔ مرطوب زمین

آب گاہ۔ مرطوب زمین

پون پمپ

Wild cultivar	خودرودوغلی جنس
Wildlife:	جنگلی حیات
habitat	جنگلی حیات کا مسکن
Wind energy	پون بجلی
Wind erosion	ہوا بردگی
Windmill pump	پون پمپ
Woodfuel	چوبی ایندھن
Woodlot	جھنگی

زرعی ،معاشی ،اقتصادی اصطلاحات

Land degradation : زمینی انحطاط۔ زمینی عدم زرخیزی زمینی ناکارگی۔

اکثر ایسا ہوتا ہے کہ زمین کی زرخیزی صلاحیت ختم ہوجاتی ہے۔ ایسی صورت جب پیدا ہوتی ہے تو یہ کاشت کاری، گلہ بانی اور دوسرے اہم کاموں کے قابل نہیں رہتی۔ اگر استعمال میں لائی بھی جائے تو پیداوار پہلے جیسی نہیں رہتی۔

زمین کے اس طرح ناکارہ یا بنجر ہوجانے میں فطری عمل کا خاصا دخل ہے۔ تیز بارشوں کی وجہ سے زمین بھر بھرا جاتی ہے۔ کبھی یہ سیم اور تھور کی زد میں آجاتی ہے۔ سیلاب کی صورت میں بھی اسے نقصان پہنچتا ہے، اس لئے کہ پانی کے ریلے میں زرخیز مٹی بہہ جایا کرتی ہے۔ اس طرح اس میں پیداواری صلاحیت خاصی حد تک گھٹ جاتی ہے۔

زمین کے ناکارہ ہونے میں جہاں فطری عمل کا بڑا حصہ ہے وہاں انسان کے اپنے عمل بھی کچھ کم نہیں۔ بے احتیاطی سے زمین استعمال کرنے کا انسانی فعل زمین کی فرسودگی اور انحطاط کی نمایاں وجہ ہے۔

ماحولیات کی زبان میں زمینی انحطاط یا اس کی عدم زرخیزی کی اصطلاح دونوں وجوہات پر مبنی ہے، یعنی انسانی بے احتیاطی اور فطری عمل کا مشترکہ نتیجہ!

ماحولیات میں زمین کی درج بالا کیفیت کا حساب اس طرح لگایا جاتا ہے :

مجموعی انحطاط = قدرتی عمل + انسانی عمل

یہاں دنیا کے دو ملک، یعنی ایتھوپیا اور شمالی تھائی لینڈ کی مثال دی جاسکتی ہے۔ ایتھوپیا کے پہاڑی علاقوں میں گزشتہ دو ہزار سال سے کاشت کاری کی جارہی ہے۔ اگرچہ اس طویل مدت میں وہاں زرخیز مٹی کے ٹوٹنے کی رفتار خاصی کم رہی ہے، لیکن مسلسل دو ہزار برس سے زمین کا جو استعمال ہوا ہے، اس کا زمین پر اثر پڑنا لازمی تھا۔ اس دوران وہاں زمینوں پر تازہ زرخیز مٹی ڈالنے کا عمل نہایت سست رفتاری سے ہوا ہے۔ اس کے برعکس اس ملک کے باشندوں نے قدرتی عمل پر انحصار کیا۔ نتیجہ ظاہر ہے، زمین کی افادیت روز بروز ختم ہوتی چلی گئی اور پھر نوبت یہاں تک پہنچی کہ ایتھوپیا کی زمین بار آور نہیں رہی۔

شمالی تھائی لینڈ کی صورت حال ایتھوپیا کے بالکل برعکس ہے۔ اگرچہ وہاں کاشت کاری ایک طویل مدت سے کی جارہی ہے جس کی وجہ سے زرخیز مٹی کا کٹاؤ نہایت تیزی سے ہوا ہے، یوں سمجھئے اس کٹاؤ کی شرح بہت زیادہ رہی ہے، لیکن وہاں کے کاشت کاروں نے زمین کو زرخیز رکھنے کا عمل جاری رکھا۔ وہ اپنی زمینوں پر زرخیز مٹی ڈالتے رہے۔ گویا زرخیز مٹی کے جمانے کا کام تیز رفتاری سے ہوتا رہا اور مسلسل ہوتا رہا۔ یہی وجہ ہے کہ مدتوں زیر استعمال رہنے کے باوجود شمالی تھائی لینڈ کی زمین ہنوز بار آور ہے اور انحطاط کا شکار نہیں ہوئی۔

یہ بات یاد رکھنے کے قابل ہے کہ جہاں فطری ماحول ناسازگار ہو اور زرخیز مٹی کے کٹاؤ کا عمل تیزی سے جاری ہو اور ایسی صورت میں تازہ اور نمو پذیر مٹی جمانے کی کوشش بھی نہ کی جائے، وہاں زمین آخر کار ریگزار میں تبدیل ہوجاتی ہے۔ علم ماحولیات میں ایسی صورت حال سدھارنے کے لئے یہ فارمولا وضع کیا گیا ہے :۔

پیداوار + اقدامات بحالی = زمین کی سدا زرخیزی

Marginal cost : اضافی لاگت۔ مختتم لاگت۔ اختتامی لاگت

(کسی پیداواری اکائی پر زائد خرچ ہونے والی رقم)

یہ لاگت اوسط لاگت سے مختلف ہوا کرتی ہے۔ اوسط لاگت کا اندازہ لگانے کا طریقہ یہ ہے کہ مجموعی لاگت کی پیداواری اکائیوں میں تقسیم کر دیا جاتا ہے۔ مثال یوں سمجھئے کہ اگر پانچ میزیں بیس روپے میں بنتی ہیں تو ایک میز کی اوسط

لاگت ۴ روپے ہوگی، لیکن اگر کسی وجہ سے پانچویں میز پر مزید ۵ روپے لاگت آتی ہے تو اس آخری میز کی اضافی / اختتامی لاگت ۵ روپے ہوگی۔

یہ بات ہمیشہ یاد رکھنے کی ہے کہ معاشیات کی رو سے لاگت کا تخمینہ صرف رقم کے حساب سے نہیں لگایا جاتا بلکہ موقع کی مناسبت سے ہونے والے اخراجات کو بھی شامل کرنا ضروری ہوتا ہے۔ یوں سمجھئے کہ کسی ختم ہوجانے والے پیداواری ذرائع پر اضافی لاگت، یعنی پیداوار پر براہ راست خرچ ہونے والی رقم، استعمال کرنے والے کی اپنی لاگت، بالواسطہ ہونے والے اخراجات اور ممکنہ سستی یا کام میں تاخیر کے باعث ہونے والے اخراجات ...... یہ سب شامل ہوتے ہیں۔

Market distortion : منڈی کا گمراہ کن رجحان

جب کبھی مصنوعات پر حکومت ٹیکس عائد کرتی ہے یا اس پر کوئی چھوٹ دینے کا اعلان کرتی ہے تو خریدار کے سامنے منڈی کی عموماً گمراہ کن حقیقت سامنے آتی ہے۔ اس طرح قوت خرید غلط رخ اختیار کرلیتی ہے۔

ترقی پذیر ملکوں میں جب کبھی فصلوں کے لئے جراثیم کش دواؤں یا کیمیائی کھاد پر بھاری چھوٹ دینے کا اعلان ہوتا ہے تو اس سے خریداروں میں عموماً یہ تاثر پیدا ہوتا ہے کہ یہ سب چیزیں بالکل ہی سستی ہوگئی ہیں، حالانکہ ایسا نہیں ہوتا۔ اس گمراہ کن رجحان کی وجہ سے خریدار مطلوبہ اشیاء زیادہ سے زیادہ مقدار میں خرید کر انہیں استعمال کرنے لگتے ہیں۔ نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ جراثیم کش دواؤں اور کیمیائی کھاد کے بے جا استعمال سے ماحولیاتی نظام متاثر ہوتا ہے۔ گویا یوں کہئے کہ منڈی کا یہ گمراہ کن رجحان ماحولیات کی مزید خرابی کا باعث بن جاتا ہے۔

ایسی تمام باتیں منڈی کے گمراہ کن رجحان کی مثالیں ہیں۔ یعنی پیداواری ذرائع اور وسائل کے متعلق جب کبھی گمراہ کن اشارے منڈی تک پہنچتے ہیں تو لازماً ان کا غلط استعمال شروع ہوجاتا ہے۔

Market failures : نقائص بازار۔ منڈی کے نقائص

معاشیات میں منڈی یا بازار کی بڑی اہمیت حاصل ہے۔ معاشی تجزیہ منڈی کے اتار چڑھاؤ پر ہی کیا جاتا ہے۔ خرید و فروخت کے عمل اور درست معاشیاتی معلومات کی مسلسل فراہمی کی بنیاد پر ہی قلیل وسائل کی تقسیم کاری ہوتی ہے۔ معاشی نظریئے کے مطابق کسی بھی منڈی میں خریداروں اور بیچنے والوں کے باہمی عمل کو سامنے رکھ کر ہی پیداوار کے وسائل اور ذرائع کو زیادہ افادی طریقے سے کام میں لایا جاسکتا ہے لیکن یہ نظام ہمیشہ مستحکم اور یکساں نہیں رہتا۔ کبھی کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ منڈی کے مروجہ اصول کا کام نہیں کرتے۔ اس کی مثال قدرتی وسائل کے نظام سے دی جاسکتی ہے۔

قدرتی وسائل کے استعمال کے دوران ایسے غیر متوقع مگر دور رس نتائج برآمد ہوتے ہیں جن کی لاگت کا عموماً شمار نہیں کیا جاتا۔ مثلاً پانی کا آلودہ ہوجانا، زمین کی زرخیز مٹی کا کٹاؤ اور دریا کی تہہ پر مٹی یا گاد کا بیٹھ جانا وغیرہ! ان سب باتوں کی وجہ سے مختلف شعبوں کو اقتصادی گھاٹے ہوا کرتے ہیں۔ مگر لطف کی بات یہ ہے کہ جس پیداواری ذریعے کی وجہ سے یہ نتائج پیدا ہوئے ہیں، انہیں استعمال کرنے والے ان خاروں کی لاگت برداشت نہیں کرتے۔

یہاں ایک اور مثال درخت کاٹنے کا عمل سے دی جاسکتی ہے۔ جنگل کاٹ کر لکڑی فروخت کی جاتی ہے۔ اس عمل سے معاشرے کے افراد، یعنی خریدنے والے اور بیچنے والے زیادہ سے زیادہ حاصل کرتے ہیں...... لیکن اسی عمل کا بالواسطہ نتیجہ یہ بھی ہوتا ہے کہ زمین کٹاؤ کا شکار ہوجاتی ہے اور اس کی زرخیز مٹی بہہ بہہ کر دریا کی تہہ میں بیٹھ جاتی

ہے۔ اس سے بڑا مسئلہ پیدا ہوجاتا ہے۔ اس کے حل کے کام پر بہت زیادہ رقم خرچ کرنی پڑتی ہے۔ جنگل کاٹنے والے بیچنے والے کو یہ رقم بالکل برداشت نہیں کرنی پڑتی، وگرنہ لکڑی کی لاگت قیمت کئی گنا زیادہ ہوتی۔
اسی طرح جنگل کاٹنے والے زمین کی قوت برداشت سے کہیں زیادہ درخت کاٹ لیا کرتے ہیں۔ اس عمل سے افراد معاشرہ مجموعی افادیت بالکل حاصل نہیں کرتے، بلکہ انہیں الٹا نقصان پہنچتا ہے۔
مندرجہ بالا مثالوں سے منڈی کے نقائص واضح ہوجاتے ہیں۔

Government failures : سرکاری کوتاہی

جب حکومت منڈی کے گمراہ کن رجحانات کو درست کرنے میں ناکام رہتی ہے یا خود سرکاری اقدامات کی بدولت منڈی میں نقائص پیدا ہوجائیں تو اس عمل کو "سرکاری کوتاہی" کہا جاتا ہے۔
بازار کاری میں سرکاری مداخلت کئی صورتوں میں ہوا کرتی ہے۔ اس کی مثالیں یہ ہیں : قیمتوں کی روک تھام، شرح مبادلہ پر کنٹرول، بازاری ذرائع نکاس کے بندوبست میں تبدیلی، مقامی محصول، حکومت کی جانب سے غذائی اجناس کی جبری خرید، زیراستعمال آراضی پر کنٹرول، مزدوری کے نظام طلب و رسد اور اجرت کی شرح میں داخلت وغیرہ
منڈی کے معاملات میں سرکاری مداخلت اور حکومت کے غلط اقدامات کی وجہ سے عموماً خریداروں کو گمراہ کن اشارے ملا کرتے ہیں۔ اس عمل کی بنا پر منڈی میں ایسے رجحانات پیدا ہوجاتے ہیں جن کی وجہ سے پیداواری وسائل نہایت تیزی سے ختم ہونے لگتے ہیں۔ حکومت کی اس کوتاہی سے پیداوار کے اصل مراکز کا تحفظ ناممکن ہوجاتا ہے۔

Open access resources : عمومی وسائل۔ وسائل عامہ

وسائل عامہ ایسے قدرتی وسائل کو کہا جاتا ہے جنہیں کوئی بھی فرد، گروہ یا ادارہ بلا روک ٹوک استعمال کر سکتا ہے۔ مثلاً "کھلی فضا" کوئی بھی فرد بغیر کسی اجازت یا ادائیگی کے کھلی فضا میں چہل قدمی کر سکتا ہے۔ اسی لئے اس نوع کے وسائل کو غیر ملکیتی وسائل بھی قرار دیا جاتا ہے۔ وسائل عامہ کی دیگر اقسام میں ماہی گیری (جس میں مچھلیاں پکڑنے کی مقدار مقرر نہیں یا بعض دریاؤں اور جھیلوں پر انفرادی طور پر بنسی سے مچھلی کے شکار کی اجازت ہو)، سمندری اور دریائی وسائل اور کوہستانی و جنگلی وسائل* (جہاں ان کے استعمال کے قوانین رائج نہ ہوں)۔
ماحولیات کے ماہرین کا یہ کہنا ہے کہ اگرچہ یہ زمین اور اس کے وسائل انسان ہی کے لئے ہیں، لیکن، اگر ان کے استعمال کا کوئی قانون موجود نہ ہو اور جس کی جو مرضی ہو انہیں بے تحاشا استعمال کرے تو ایسی صورت میں وسائل عامہ کے ختم ہوجانے کا خطرہ موجود ہے۔

Opportunity cost : متبادل

اقتصادی لحاظ سے یہ ایک پیچیدہ اصطلاح ہے، لیکن ماحولیات کے نقطہ نظر سے یہ ایک اہم تصور ہے۔ اس کی تشریح اس طرح کی جاسکتی ہے کہ ایک شخص کو کسی خاص کام (الف) کے لئے ملازم رکھا جاتا ہے۔ اسے ایک دن کے کام کی جو براہ راست اجرت ملتی ہے، وہ اس چیز کی قیمت کے برابر ہے، جسے وہ اپنے پیشے کے لحاظ سے تیار کرتا، اگر وہ مذکورہ "الف" کام نہ کرتا۔
اس اصطلاح کی ایک اور مثال جنگل کاٹنے سے دی جاسکتی ہے۔ جنگل کاٹنے پر کچھ لاگت آئی ہے۔ یعنی اس عمل کی وجہ سے زمین کٹاؤ کا شکار ہوگئی۔ دواؤں میں کام آنے والی جڑی بوٹیاں ختم ہوگئیں۔ اس طرح طبی شعبے اور

جڑی بوٹیاں اکٹھا کرنے والوں کو معاشی نقصان پہنچا۔ مزید یہ کہ جڑی بوٹی کے نہ ملنے سے جوائیں ان سے تیار ہوتی تھیں وہ کمیاب ہوگئیں۔ نتیجہ یہ ہوا کہ ان کی قیمتیں چڑھ گئیں۔ اس طرح اقتصادی بوجھ مریضوں یعنی دوا استعمال کرنے والوں پر پڑا۔ پھر یہ بھی ممکن ہے کہ دوا کمیاب ہونے کی صورت میں مریض کو نہ ملی اور وہ مرگیا یا اپاہج ہوگیا۔ اس کے خاندان کی پرورش کا اقتصادی بوجھ معاشرہ یا حکومت پر پڑا۔

پھر، جنگل کاٹنے کے عمل سے زمین بردگی ہوئی اور اس کی مٹی بہہ بہہ کر دریا کی تہہ میں چلی گئی۔ اس کے نتیجے میں مچھلیاں اپنا آبی مسکن چھوڑنے پر مجبور ہوگئیں اور کہیں اور چلی گئیں۔ اس عمل سے اقتصادی بار علاقے کے ماہی گیروں پر پڑا ...... یوں سمجھئے کہ یہ سب صورتیں جنگل کاٹنے کی وجہ سے پیدا ہوگئیں۔ گویا کسی ایک غلط عمل کے متعدد ظاہری اور باطنی مضر اثرات ہوا کرتے ہیں۔

لہٰذا اقتصادیات میں کسی بھی پیداوار کی حقیقی لاگت کا تخمینہ لگانے کے لئے مندرجہ ذیل امور پیش نظر رکھے جاتے ہیں :

۱۔ صارف کی لاگت : وہ رقم جو صارف کسی ذرائع پیداوار پر براہ راست خرچ کرتا ہے۔

۲۔ مستقبل کے صارفین کا خسارہ : مستقبل میں یہ وسیلہ پیداوار استعمال کرنے سے جو فائدہ حاصل ہوسکتا تھا، اس کی قیمت! (اگر صارف کے پاس اس وسیلہ پیداوار کے جملہ حقوق ہمیشہ کے لئے محفوظ نہیں ہیں) اس کا مطلب یہ ہے کہ اگر پیداوار کے وسائل کسی وجہ سے ناکارہ ہوجاتے ہیں یا بالکل ہی ختم ہوجاتے ہیں تو مستقبل میں آنے والی نسلیں انہیں استعمال نہیں کر پائیں گی۔ اس طرح ان کا اقتصادی نقصان ہوگا۔

۳۔ معاشرتی خسارہ : پیداواری ذرائع کے غلط استعمال کی وجہ سے معاشرے کے مختلف افراد، گروہ اور طبقے کو جو خسارہ ہوتا ہے وہ اسی زمرے میں آتا ہے۔ واضح رہے کہ ایسا نقصان فی الوقت بھی ہوسکتا ہے اور مستقبل میں بھی!

دائمی امکان زیست — Permanent livability:

دائمی امکان زیست کا نظریہ ۱۹۷۷ء میں پیج (Page) نامی شخص نے پیش کیا تھا۔ اس تصور کے مطابق موجودہ نسل کا جو بھی عمل ہوا ہے آئندہ نسلوں کے وجود کا ضامن ہونا لازمی ہے۔ چونکہ ہر زمانے کے انسان کو اپنی بقا کے لئے قابل انحصار وسائل پیداوار کے ایک مستحکم نظام کی ضرورت پڑتی ہے لہٰذا ایسے وسائل کا تحفظ نہایت ضروری ہے۔ موجودہ نسل قدرتی وسائل کو اس بے دردی اور ناعاقبت اندیشی سے کام میں نہ لائے کہ یہ بالکل ہی ختم ہوجائیں اور آنے والی نسل کا وجود خطرے میں پڑجائے۔

مذکورہ نظریئے کے مطابق قدرتی وسائل کو تمام نسلوں کی مشترکہ اور مساوی املاک سمجھنا چاہئے اور انہیں اس طرح استعمال میں لایا جائے کہ دوسری نسل کی حق تلفی نہ ہو۔ کسی بھی نسل کے غیر مساوی استعمال کا جواز اسی صورت میں پیدا ہوتا ہے کہ اس کے عمل سے آنے والی نسلیں نقصان میں نہ رہیں، بلکہ انہیں بھی فائدہ پہنچے۔ اس طرح ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ بین النسل منصفی کا یہ تصور، دائمی امکان زیست کے تصور سے وابستہ ہے اور یہ حقیقی معنوں میں دور رس اور دیر پا ترقیاتی عمل کا بنیادی عنصر بھی ہے۔

قابل تجدید وسائل — Renewable resources:

جدید اقتصادی اور ماحولیاتی اصطلاح میں قابل تجدید وسائل وہ ہیں جنہیں ایک مرتبہ استعمال میں لانے کے بعد دوسری مرتبہ ان کے قابل استعمال بننے کی شرح مناسب بھی ہو اور اقتصادی لحاظ سے بامعنی بھی۔ مثال کے طور پر کوئلہ، تیل اور خام معدنیات کو لیجئے۔ انہیں قابل تجدید وسائل قرار نہیں دیا جاسکتا کیونکہ یہ ہزاروں برس کے بعد ہی کہیں

دوبارہ پیدا ہوتے ہیں۔ اس عمل کو "ارضیاتی پیمانہ وقت" کہا جاتا ہے۔ واضح رہے کہ مذکورہ اشیاء کے دوبارہ پیدائش کا عمل انسانی پیمانہ وقت سے سراسر مختلف ہوا کرتا ہے۔ البتہ آبی وسائل، جنگلات وغیرہ قابل تجدید وسائل ہیں کیونکہ کچھ عرصے کے بعد یہ دوبارہ استعمال کے قابل ہوجاتے ہیں۔

اگر قابل تجدید وسائل کو ہوشمندی اور محتاط طریقے سے استعمال میں نہ لایا جائے تو یہ بھی ختم ہوسکتے ہیں۔ یہ واضح رہے کہ ان کی دوبارہ پیدائش کا عمل ہزار برسوں پر محیط ہے، لیکن اگر ایسے وسائل کے استعمال کی شرح ان کے دوبارہ کار آمد بننے کے عمل کی شرح سے نسبتاً کم ہو تو پھر یہ مدتوں کار آمد رہ سکتے ہیں۔

بعض وسائل ایسے ہیں جنہیں قطعی طور پر ناقابل تجدید نہیں کہا جاسکتا، مثلاً زمین کی زرخیزی یا اس کی مضبوطی، ماحول کی جذبی صلاحیت، نظام حیات کا انحصاری دائرہ، وغیرہ، وغیرہ، لیکن ان کی تجدید کا عمل نہایت سست رفتار ہوتا ہے، جس کی مدت کئی نسلوں کے عہد پر محیط ہوسکتی ہے۔ لہٰذا انہیں نیم قابل تجدید وسائل کہا جاتا ہے۔

Steady state economy: استقلالی معیشت

اس اصطلاح کے تحت عموماً یہ فرض کرلیا جاتا ہے کہ معاشی نمو کی رفتار نقطہ صفر پر ہوتی ہے، یعنی نہ بیش نہ کم! اس نظریئے کے حامیوں کا موقف یہ ہے کہ کسی بھی ملک کے حیات اور ماحول کے نظام کے تحفظ کے لئے معاشی نمو کی رفتار میں توازن اور یکسانیت ضروری ہے۔ پھر طویل دورانئے میں معیشت و ماحول کی ہم آہنگی کے لئے بھی ایسا لازمی ہے۔

معاشی نمو دراصل وسائل کے استعمال کے ذریعے ہی ہوا کرتی ہے۔ اگر نمو پذیری کی رفتار تیز ہو تو وسائل بھی جلد ختم ہوسکتے ہیں، نیز ترقیاتی عمل کے نتیجے میں فضلہ جات کے انبار میں بے تحاشا اضافہ ہوسکتا ہے۔ گویا تیزی سے بڑھتی ہوئی معیشت، اسی رفتار سے پاک صاف اور صحت بخش ماحول اور قدرتی عناصر کو کوڑا کرکٹ کے ذریعے آلودہ کرتی رہتی ہے۔

علم معاشیات میں موزوں و مناسب معیشت اسے کہا جاتا ہے جو نسبتاً کمشرح افزائش پر اشیا اور افرادی قوت کے خاطر خواہ ذخائر قائم رکھ سکے۔ اگر اس عمل میں مجموعی قومی پیداوار (GNP) میں تھوڑی بہت کمی بھی ہوجاتی ہے تو کوئی مضائقہ نہیں، کیونکہ طویل المیعاد منصوبہ بندی کے لئے ایسا عمل سودمند ہے۔

Sustainable development: دائمی ترقی

آج دنیا، خصوصاً مغربی ممالک میں، ترقیاتی عمل کے متعلق دو نظریئے پائے جاتے ہیں۔ ایک نظریئے کے مطابق صحیح ترقیاتی عمل وہ ہے جس میں ماحولیاتی اور سماجی تقاضوں کو مدنظر رکھا جائے۔ یعنی ایسا ترقیاتی عمل غریب کو غریب تر نہ بنائے، تہذیب و ثقافتی ورثے کے حسن کو پامال نہ کرے، قدرتی وسائل کو نقصان نہ پہنچائے اور فطری مناظر کی رنگارنگی کو ختم نہ کرے۔

عالمی کمیشن برائے ماحول و ترقیات نے دور رس اور دائمی ترقیاتی عمل کی تعریف کچھ اس طرح کی ہے:

> "ایسا ترقیاتی عمل جو موجودہ دور کی ضرورتوں کو پورا کرتے ہوئے آئندہ نسلوں کی ضروریات کو پس پشت نہ ڈال دے۔"

ترقی پذیر ملکوں میں اسی وقت صحیح معنوں میں ترقی ہوسکتی ہے اور وہاں ایسے عمل ہی کو ترقیاتی عمل کہا جاسکتا ہے جس کے ذریعے فطرتی حسن اور قدرتی وسائل مستقبل بعید میں بھی محفوظ رہیں، ایسا عمل جو سماجی اقدار اور رسم و رواج سے ہم آہنگ ہو اور ترقیاتی کاموں میں عوام کی شرکت کی حوصلہ افزائی کرے۔ ترقیاتی عمل کا بنیادی مقصد یہی ہونا

چاہئے کہ مفلس عوام کو قاعدے کے روزگار فراہم ہوں، قدرتی وسائل بے دردی سے برباد نہ کئے جائیں، کرۂ ارض کا قدرتی ماحول غیر صحت مند نہ بننے پائے، رنگارنگ تہذیبی ورثے برقرار رہیں اور سماجی عدم استحکام نہ رہے۔

ترقیاتی عمل کا دوسرا نظریہ سماجی اور تہذیبی قدروں کی بجائے ماحول اور قدرتی وسائل پر زور دیتا ہے۔ ایک ماہر نے ۱۹۸۷ء میں اس نظریئے کی تعریف یہ بیان کی تھی :

> "دور رس معاشی ترقی سے مراد وہ ترقیاتی عمل ہے جو اپنے طویل دورانئے میں قدرتی وسائل کی خصوصیات اور ان کے سودمند اثرات کو قائم رکھتے ہوئے زیادہ سے زیادہ معاشی فوائد پہنچا سکے۔"

مذکورہ بالا بیان سے جو بات واضح ہوتی ہے وہ یہ ہے کہ :

(الف) قابل تجدید وسائل کے استعمال کی شرح، ان کی فطری تجدیدی شرح یا انسانی کوشش کے ذریعے ہونے والی تجدید کی شرح سے یا تو کم ہو یا برابر۔

(ب) ترقیاتی عمل کے نتیجے میں پیدا ہونے والے کوڑا کرکٹ اور فضلہ جات کی شرح ...... ماحول کی جذبی صلاحیت سے یا تو کم ہو یا اس کے برابر ہو۔

(ج) متبادل وسائل کی دستیابی کے ساتھ ساتھ ناقابل تجدید اور فنا ہونے والے وسائل کا مناسب استعمال ٹیکنیکی ترقی کے مطابق اور بہتر طریقے سے کیا جائے۔

دائمی تحفظ معاش — Sustainable livelihood security :

اس اصطلاح کے مطابق آبادی، وسائل، ماحول اور ترقیات مندرجہ ذیل چار بنیادی عناصر سے مربوط بھی ہیں اور ان پر منحصر بھی :

(۱) آبادی کا استحکام (شرح پیدائش پر کنٹرول)
(۲) آبادی کی نقل مکانی میں تخفیف
(۳) استحصال کا خاتمہ
(۴) طویل دورانیہ میں استعمال وسائل کا دور رس انتظام۔

